پہلا سمسٹر I Semester	بی۔ایڈ (ریگولر) B.Ed Regular	دسمبر 2018

پرچہ: طریقۂ تدریس سماجی علوم

Paper - BBED113DST : Pedagogy of a School Subject : Social Studies

جملہ نشانات : 70 Maximum. Marks	Time : وقت : 3 Hrs گھنٹے

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃ ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. حصہ دوم میں 8 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 05 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 06 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. حصہ سوم میں 5 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی 03 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو (500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال : 1

(i) سماجی علوم کے تصور کو ہندوستان میں سب سے پہلے کس نے پیش کیا؟

(a) واردھا رلائحہ عمل نے　(b) ثانوی تعلیمی کمیشن نے

(c) ڈاکٹر کے۔جی سیدین نے　(d) قومی تعلیمی پالیسی 1986ء نے

(ii) بلوم (Bloom) کی ٹیکسونومی (Taxonomy) میں وسیع تر مقاصد کتنے ہیں؟

(a) 4　(b) 3

(c) 5　(d) 2

(iii) Imitation نقل یا مصنوعی نفسی حرکی دائرہ بلوم کی Taxonomy کے کون سے نفسی حرکی دائرہ میں آتا ہے؟

(a) وقوفی دائرہ　(b) تاثراتی دائرہ

(c) حرکی دائرہ　(d) ان میں سے کوئی نہیں

(iv) مطابقتی اکائی (The Adaptive Unit) کے بانی ہیں؟

(a) جونس　(b) ہربرٹ

(c) افلاطون　(d) سقراط

(v) لفظ Curriculum لاطینی زبان کے.................لفظ سے ماخوذ ہے؟

(vi) مسائل حل طریقہ کار کا اہم مقصد ہے طلبہ کے اندر...........کرنے کی صلاحیت کا فروغ کرنا؟

(vii) تفریحی سفر میں طلبہ براہ راست...........کا مشاہدہ کرتے ہیں؟

(viii) Micro Teaching میں لفظ Micro کس زبان سے ماخوذ ہے اور اس کے معنی کیا ہے؟

(ix) غیر رسمی حوالے کے مواد کی چار مثالیں لکھئے؟

P.T.O.

(x) پروگرام انسٹرکشن (Programme Instruction) کے بانی ہیں؟

(a) E.L. Thorndike (b) Skinner

(c) Binning and Binning (d) ان میں سے کوئی نہیں

حصہ دوم

2. سماجی علوم کی فطرت اور وسعت بیان کیجئے؟
3. فطری سائنس اور سماجی سائنس کے فرق کو واضح کیجئے؟
4. سماجی علوم کے مقاصد Bloom Taxonomy کے مطابق لکھئے؟
5. سماجی علوم کی تدریس کے اقدار کو اپنے لفظوں میں بیان کیجئے؟
6. سماجی علوم کے طریقہ تدریس کا مفہوم بیان کرتے ہوئے اس کی اہمیت پر روشنی ڈالیے؟
7. سماجی علوم میں نمائش اور کلب کی کیا اہمیت ہے؟ اپنے لفظوں میں بیان کیجئے؟
8. حالات حاضرہ میں سماجی علوم کی تدریس میں کیا اہمیت ہے؟ ایک معلم کی حالات حاضرہ سے واقفیت کیوں ضروری ہے؟
9. معلم کا پیشہ وارانہ فروغ کیوں ضروری ہے؟ معلم کو پیشہ وارانہ فروغ کے لیے کیا کرنا چاہئے واضح کیجئے؟

حصہ سوم

10. بلوم (Bloom) کی ٹیکسونومی (Taxonomy) کے تینوں حلقوں (Domain) کے نام لکھتے ہوئے کسی ایک حلقہ Domain کے بارے میں تفصیل سے بیان کیجئے؟
11. لکچر و مظاہراتی طریقہ کار سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ ایک اچھے لکچر و مظاہراتی طریقہ کے لیے کن باتوں کا خیال رکھنا چاہئے؟ لکچر و مظاہراتی طریقہ کے مراحل بیان کرتے ہوئے اس کی خوبیاں اور تحدیدات بیان کیجئے؟
12. اکائی منصوبہ اور سالانہ منصوبہ میں کیا فرق ہے؟ آپ اپنی پسند کے سماجی علوم کے کسی بھی موضوع پر چھٹی جماعت (6th Class) کا ایک مکمل منصوبہ سبق بنائے؟
13. سماجی علوم کی تجربہ گاہ اور عجائب گھر کس طرح ایک تدریسی وسائل ہے؟ سماجی علوم کی معیاری تجربہ گاہ کیسی ہونی چاہئے تفصیل سے لکھئے؟
14. سماج کسے کہتے ہیں؟ سماجی علوم کے مختلف مضامین کے ذریعے سماج کو کس طرح سمجھایا جاسکتا ہے؟ وضاحت کیجئے؟

☆☆☆